<table>
<tr><td>English</td><td dir="rtl">Urdu اُردو</td></tr>
<tr><td>Health care for asylum seekers and refugees in Scotland</td><td dir="rtl">اسکاٹ لینڈ میں پناہ گزینی کے متلاشی افراد اور مہاجرین کے لیے صحت کی دیکھ بھال</td></tr>
<tr><td>
<ul>
<li>In Scotland, most health care is provided by the National Health Service (NHS). Everyone who lives legally in Scotland has a right to some NHS care, no matter what nationality they are.</li>
<li>If you are an asylum seeker or refugee who has applied to the Home Office to live permanently in the UK, this factsheet tells you how you can get health care from the NHS while you are in Scotland.</li>
</ul>
</td><td dir="rtl">
<ul>
<li>اسکاٹ لینڈ میں صحت کی زیادہ تر دیکھ بھال نیشنل ہیلتھ سروس (این ایچ ایس) کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے۔ اسکاٹ لینڈ کے اندر قانونی طور پر رہائش پذیر ہر شخص کو، خواہ اس کا تعلق کسی بھی قومیت کے ساتھ ہو،این ایچ ایس (NHS) کی دیکھ بھال کا حق حاصل ہے۔</li>
<li>اگر آپ مہاجر یا پناہ گزینی کے متلاشی ایک ایسے شخص ہیں جس نے برطانیہ میں مستقل طور پر قیام کے لیے ہوم آفس (Home Office) کو درخواست دے رکھی ہے تو یہ صفحہ حقائق آپ کو بتاتا ہے کہ اسکاٹ لینڈ میں قیام کے دوران آپ این ایچ ایس (NHS) سے صحت کی دیکھ بھال کس طرح حاصل کر سکتے ہیں۔</li>
</ul>
</td></tr>
<tr><td>
I am seeking asylum. Can I get health care from the NHS in Scotland?
<ul>
<li>You can get health care from the NHS if:
<ul>
<li>your application for asylum is being considered, or</li>
<li>you have been refused asylum and are appealing against the decision, or</li>
<li>you have been refused asylum and are waiting for the Home Office to make arrangements for you to return home.</li>
</ul>
</li>
</ul>
</td><td dir="rtl">
میں پناہ گزینی کا طلب گار ہوں۔ کیا میں این ایچ ایس (NHS) اسکاٹ لینڈ سے صحت کی دیکھ بھال حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟
<ul>
<li>آپ این ایچ ایس (NHS) سے صحت کی دیکھ بھال حاصل کر سکتے/سکتی ہیں اگر:
<ul>
<li>پناہ گزینی کے لیے آپ کی درخواست زیر غور ہے، یا</li>
<li>آپ کی طرف سے پیش کردہ پناہ گزینی کی درخواست مسترد ہو چکی ہے اور آپ فیصلے کے خلاف اپیل کر رہے ہیں، یا</li>
<li>آپ کو پناہ فراہم کرنے سےانکار کردیا گیا ہے اور آپ ہوم آفس (Home Office) کا انتظار کر رہے ہیں کہ وہ آپ کی گھر واپسی کے انتظامات مکمل کرے۔</li>
</ul>
</li>
</ul>
</td></tr>
</table>

| | |
|---|---|
| **I have been granted asylum. Can I get health care from the NHS?**<br>• You will continue to get health care from the NHS if you have been:<br>o given the right to stay in the UK as a refugee<br>o granted humanitarian protection, or<br>o granted discretionary leave to stay in the UK.. | **میری پناہ گزینی کی درخواست منظور کرلی گئی ہے۔ کیا میں این ایچ ایس (NHS) سے صحت کی دیکھ بھال حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟**<br>• این ایچ ایس (NHS) کی طرف سے آپ کو مسلسل صحت کی دیکھ بھال فراہم کی جائے گی اگر آپ کو:<br>o برطانیہ میں بطور مہاجر قیام کا حق دے دیا گیا ہے۔<br>o انسانی ہمدردی کی بنیادوں پر تحفظ فراہم کیا گیا ہے، یا<br>o برطانیہ میں صوابدیدی قیام کی اجازت دے دی گئی ہے۔ |
| **What do I need to do to get health care from the NHS?**<br>• You need to find a family doctor as soon as possible after you arrive in Scotland, and ask them to register you as an NHS patient. You will not have to pay for this.<br>• In Scotland, family doctors are often called General Practitioners or GPs. They work in GP surgeries, medical practices or health centres.<br>• The GP will decide if you can register with their practice to receive NHS treatment, which is free. They will not be able to register you if their patient list is full and you may need to try more than one GP practice in the area until you find a practice that can register you.<br>• The GP will help you look after all your health needs. They will decide if you need to see another health professional – for example a hospital doctor, or someone in mental health or maternity services. If you do, the GP will make the appointment for you.<br>• If you are an asylum seeker getting support from the Home Office (UK Government) they may ask you to | **این ایچ ایس (NHS) سے صحت کی دیکھ بھال حاصل کرنے کے لیے میں کیا کر سکتا/سکتی ہوں؟**<br>• اسکاٹ لینڈ میں اپنی آمد کے بعد جس قدر جلد ممکن ہو سکے آپ کو ایک فیملی ڈاکٹر تلاش کرنے اوران سے بطور ایک این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ ہونے کی درخواست کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ آپ کواس کے لیے کوئی رقم نہیں ادا کرنی پڑتی۔<br>• اسکاٹ لینڈ میں فیملی ڈاکٹروں کو عام طور پر جنرل پریکٹیشنرز یا جی پیز (GP) کہتے ہیں۔ یہ لوگ جی پی سرجریوں، میڈیکل پریکٹسوں یا ہیلتھ سینٹروں میں کام کرتے ہیں۔<br>• جی پی (GP) فیصلہ کرے گا کہ آیا این ایچ ایس کا علاج، جو کہ مفت ہوتا ہے، حاصل کرنے کے لیے آپ ان کی پریکٹس کے ساتھ رجسٹرڈ ہو سکتے ہیں۔ اگران کے مریضوں کی فہرست پر جگہ نہیں رہی تو وہ آپ کو رجسٹرڈ نہیں کر سکیں گے اس لیے جب تک آپ رجسٹرڈ کر لینے والی پریکٹس تلاش نہ کر لیں آپ کو اپنے علاقہ میں ایک سے زیادہ جی پی پریکٹسوں کے پاس جانے کی ضرورت پیش آئے گی۔<br>• جی پی (GP) آپ کی صحت کی تمام ضروریات کی دیکھ بھال کے سلسلہ میں آپ کی مدد کرے گا۔ وہ اس بات کا فیصلہ کریں گے کہ آیا آپ کو صحت کے کسی دیگر پیشہ ور شخص سے معائنہ کروانے کی ضرورت درپیش ہے - مثال کے طور پر ہسپتال کا کوئی ڈاکٹریا ذہنی صحت یا زچگی سروس۔ اگرآپ کواس کی ضرورت |

register with a particular GP surgery.

- If you are an asylum seeker Scottish Refugee Council or Asylum Help may be able to help you find a GP surgery where you can make an appointment to register. See page 7 for how to contact them.
- You can also phone the NHS inform Helpline on 0800 22 44 88 or look on the internet (www.nhs24.scot) to find a GP surgery that can register you. The NHS inform Helpline can provide an interpreting service.
- When you have found a GP surgery, contact them and make an appointment to register as an NHS patient.
- If you need an interpreter, ask the GP surgery to arrange this for you. When you make an appointment, tell them what language you prefer to use.
- If you need dental treatment you must first of all be registered with a GP as you will be asked to provide your GP's details by the dental surgery. You should then find an NHS dentist that works for the NHS. You can phone the NHS inform Helpline on 0800 22 44 88 or look on the internet (www.nhs24.scot) to find a dentist.
- If you need eye care you need to find an optician that provides NHS services. Most opticians who have shops in town centres provide NHS services. You can also phone the NHS inform Helpline on 0800 22 44 88 if you are have difficulties finding a local optician.

ہوئی تو جی پی (GP) آپ کے لیے اپائنٹمنٹ بنائے گا۔

- اگرآپ پناہ گزینی کے متلاشی کے طور پر ہوم آفس (Home Office) (حکومت برطانیہ) سے مدد حاصل کر رہے ہیں تو وہ آپ کو کسی مخصوص جی پی سرجری کے ساتھ رجسٹرڈ ہونے کا کہہ سکتے ہیں۔
- اگرآپ پناہ گزینی کے متلاشی ہیں تو ممکن ہے کہ اسکاٹش رفیوجی کونسل (Scottish Refugee Council) یا اسائلم ہیلپ (Asylum Help) آپ کے لیے ایک ایسی جی پی(GP) سرجری تلاش کرنے میں مدد فراہم کرے جہاں پر آپ رجسٹرڈ ہونے کے لیے اپائنٹمنٹ بنا سکیں۔ ان کے ساتھ رابطہ کے لیے ملاحظہ فرمائیں صفحہ 7۔
- آپ کوئی ایسی جی پی (GP) سرجری تلاش کرنے کے لیے جو آپ کو رجسٹرڈ کر سکے این ایچ ایس انفارم (NHS Inform Helpline) کی ہیلپ لائن کواس 0800 22 44 88 نمبرپرفون بھی کرسکتےہیں یا انٹرنیٹ بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں (www.nhs24.scot). این ایچ ایس انفارم (NHS Inform Helpline) کی ہیلپ لائن ترجمانی کی سروس بھی فراہم کرتی ہے۔
- جب آپ جی پی (GP) سرجری تلاش کر لیں توبطور این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ ہونے کے لیے ان کے ساتھ رابطہ کرکے اپائنمنٹ بنائیں۔
- اگر آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت درپیش ہو تو جی پی (GP) سرجری سے کہیں کہ وہ آپ کے لیے اس کا بندوبست کریں۔ جب آپ اپائنٹمنٹ بنائیں توان کو بتائیں کہ آپ کونسی زبان استعمال کرنے کو ترجیح دیتے ہیں۔
- اگر آپ کو دانتوں کے علاج کی ضرورت درپیش ہو تو آپ کے لیے لازمی ہے کہ سب سے پہلے جی پی کے پاس رجسٹرڈ ہوں کیونکہ ڈینٹل سرجری آپ کو آپ کے جی پی (GP) کی تفصیلات فراہم کرنے کا کہے گی۔ اس کے بعد آپ این ایچ ایس (NHS) کا ڈینٹسٹ تلاش کریں جو این ایچ ایس کے لیے کام کرتا ہو۔ آپ این ایچ ایس انفارم(NHS Inform Helpline) کی ہیلپ لائن کواس 0800 22 44 88 نمبرپرفون بھی کرسکتےہیں یا انٹرنیٹ بھی ملاحظہ کرسکتے ہیں

| | |
|---|---|
| | .(www.nhs24.scot)<br><br>• اگرآپ کو آنکھوں کا علاج مطلوب ہے تو ایک عینک ساز تلاش کر سکتے ہیں جو کہ این ایچ ایس (NHS) کی سروسز فراہم کرتا ہو۔ زیادہ ترعینک ساز جن کی دوکانات ٹاؤن سینٹر میں ہوتی ہیں وہ این ایچ ایس(NHS) کی سروسز فراہم کرتے ہیں۔ اگرآپ کو مقامی عینک ساز تلاش کرنے میں مشکلات درپیش ہوں تو این ایچ ایس انفارم (NHS Inform Helpline) کواس 88 44 22 0800 نمبر پر فون کر سکتے ہیں۔ |
| **What happens when I register as an NHS patient?**<br><br>• When you go to the GP surgery, the staff will ask you for some personal information – for example, your name, address and date of birth.<br><br>• The staff will ask to see some documents to help them decide if you can register as an NHS patient. If you need hospital care, staff at the hospital will also ask to see these documents.<br><br>• **If you are seeking asylum**, NHS staff may ask you to show:<br><br>○ your Application Registration Card (ARC) – you may have been given this card at your asylum screening interview, or<br><br>○ documents from the UK Border Agency saying that you have applied for asylum.<br><br>• **If you are a refugee**, they may ask you to show:<br><br>○ your passport, travel documents, or Biometric Residence | **جب میں بطور ایک این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ ہو جاؤں تو کیا ہو گا؟**<br><br>• جب آپ جی پی (GP) سرجری جائیں گے تو عملہ آپ سے آپ کی ذاتی معلومات دریافت کرے گا - مثال کے طورپر آپ کا نام، پتہ اور تاریخ پیدائش۔<br><br>• عملہ آپ کو چند ایک کاغذات دکھانے کا کہے گا تا کہ وہ فیصلہ کرسکیں کہ آیا آپ بطورایک این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ ہو سکتے ہیں۔ اگرآپ کو ہسپتال کی دیکھ بھال کی ضرورت درپیش ہو تو ہسپتال کا عملہ یہ کاغذات دیکھنے کے لیے آپ سے کہے گا۔<br><br>• **اگرآپ پناہ گزینی کے متلاشی ہیں** تو این ایچ ایس (NHS) کا عملہ آپ کو یہ دکھانے کا کہے گا:<br><br>○ آپ کا اپلیکیشن رجسٹریشن کارڈ (اے آر سی) (Application Registration Card (ARC) - آپ کو پناہ گزینی کے اسکریننگ انٹرویو پر یہ کارڈ دیا گیا ہو گا، یا<br><br>○ یو کے بارڈر ایجنسی (UK Border Agency) کے کاغذات یہ دکھاتے ہوئےکہ آپ نے پناہ گزینی کے لیے درخواست دی ہوئی ہے۔<br><br>• **اگرآپ پناہ گزینی کے متلاشی ہیں** تو وہ آپ کو یہ دکھانے کا کہہ سکتے ہیں:<br><br>○ آپ کا پاسپورٹ، سفری کاغذات یا بائیو میٹرک ریزی ڈینس پرمٹ (Biometric Residence Permit)۔ |

| | |
|---|---|
| Permit<br>○ a letter from the Home Office that says you are allowed to stay in the United Kingdom.<br>• If you don’t have the documents they ask for, staff at the GP surgery won’t be able to register you as an NHS patient right away. | ○ ہوم آفس (Home Office) کا ایک خط جو یہ کہتا ہو کہ آپ کو برطانیہ میں قیام کی اجازت ہے۔<br>• اگرآپ کے پاس ان کو مطلوب کاغذات موجود نہ ہوں تو جی پی(GP) سرجری کا عملہ آپ کو فوری طور پر بطور این ایچ ایس مریض (NHS) رجسٹرڈ نہیں کر سکے گا۔ |
| **When I am registered as an NHS patient, is all health care free?**<br><br>**If you are a refugee**<br><br>• **Most of your health care will be free**. But you may need to pay for some things like many people living in Scotland – for example, some dental treatment or eye care.<br>• For more information about help with health costs, see the leaflet ‘A quick guide to help with health costs’ (HCS2). This leaflet tells you if you can get free treatment or help with the costs. It is available from citizens advice bureaux and Jobcentre Plus offices. You can also find it on the internet (www.gov.scot). | **جب میں بطور ایک این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ ہو جاؤں گا تو کیا صحت کی تمام دیکھ بھال مفت ہو گی؟**<br><br>**اگر آپ ایک مہاجر ہیں**<br><br>• **آپکی صحت کی زیادہ تر دیکھ بھال مفت ہو گی۔** لیکن آپ کو تھوڑا بہت ادا کرنا پڑے گا جیسا کہ اسکاٹ لینڈ میں رہنے والے بہت سے لوگ کرتے ہیں - مثال کے طور پر دانتوں کے علاج کا تھوڑا سا خرچ یا آنکھوں کا علاج۔<br>• صحت کے اخراجات کے بارے میں مزید معلومات کے لیےملاحظہ فرمائیں 'صحت کے اخراجات میں فوری مدد کے لیے گائیڈ' (A quick guide to (HCS2) help with health costs)۔ یہ دستی اشتہار بتاتا ہے کہ آیا آپ مفت علاج حاصل کر سکتے ہیں یا آپ کو اخراجات میں مدد ملے گی۔ یہ اسٹیزن ایڈوائیس بیورو (Citizens Advice Bureaux) اور جاب سینٹر پلس (Jobcentre Plus) کے دفاتر سے مل سکتی ہے۔ اس کو آپ انٹرنیٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں ((www.gov.scot) |
| **If you are seeking asylum and you get asylum support from the Home Office (UK Government)**<br><br>• You won't need to pay for your health care. | **اگر آپ پناہ گزینی کے متلاشی ہیں اورہوم آفس (Home Office)کی طرف سے آپ کو پناہ گزینی میں مدد فراہم کی جاتی ہے۔**<br><br>• توآپ کو اپنی صحت کی دیکھ بھال کے لیے ادائیگی کی ضرورت نہیں ہے۔ |

| | |
|---|---|
| • The Home Office will give you an HC2 certificate. This shows you don't need to pay for some things – for example dental treatment or eye care.<br><br>• You can also use your HC2 certificate to get help with the cost of travelling to NHS hospital appointments.<br><br>**If you are seeking asylum and you don't get asylum support from the Home Office, or if you have been refused asylum**<br><br>• A lot of your health care will be free.<br><br>• You will need to fill in an HC1 form to apply for an HC2 certificate. This shows you don't need to pay for some things – for example dental treatment and eye care.<br><br>• You can get an HC1 form from a Jobcentre Plus office, an NHS hospital, or by phoning 0845 850 1166.<br><br>• You can also use your HC2 certificate to get help with the cost of travelling to NHS hospital appointments. | • ہوم آفس (Home Office) آپ کو ایک HC2 سرٹیفکیٹ دے گا۔ اس میں لکھا ہوتا ہے کہ آپ کو چند ایک چیزوں کی ادائیگی نہیں کرنی - مثال کے طور پر دانتوں کا علاج یا آنکھوں کی دیکھ بھال۔<br><br>• این ایچ ایس (NHS) کے ہسپتال تک سفر کرنے کے لیے بھی آپ HC2 سرٹیفکیٹ استعمال کر سکتے ہیں۔<br><br>**اگر آپ پناہ گزینی کے متلاشی ہیں جبکہ آپ کو ہوم آفس (Home Office) کی طرف سے پناہ گزینی کے سلسلہ میں مدد نہیں ملتی یا آپ کی پناہ گزینی کی درخواست مسترد کر دی گئی ہے۔**<br><br>• آپکی صحت کی زیادہ تر دیکھ بھال مفت ہو گی۔<br><br>• آپ کو HC2 سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست دینے کی خاطر ایک HC1 فارم مکمل کرنا پڑے گا۔ اس میں لکھا ہوتا ہے کہ آپ کو چند ایک چیزوں کی ادائیگی نہیں کرنی - مثال کے طور پر دانتوں کا علاج اور آنکھوں کی دیکھ بھال۔<br><br>• آپ HC1 فارم جاب سینٹر پلس (Jobcentre Plus) کےآفس، این ایچ ایس کے ہسپتال یا اس نمبر پر فون کر کے حاصل کر سکتے ہیں 0845 850 1166۔<br><br>• اپائنٹمنٹ کے لیے این ایچ ایس (NHS) کے ہسپتال تک سفر کرنے کے لیے بھی آپ اپنا HC2 سرٹیفکیٹ استعمال کر سکتے ہیں۔ |
| **Can my family get health care from the NHS?**<br><br>• If you are registered as an NHS patient, your husband, wife or civil partner, and any of your children who live in Scotland with you, can also get health care from the NHS. The children must be aged under 16, or under 19 and in full-time education. | **کیا میری فیملی این ایچ ایس (NHS) سے صحت کی دیکھ بھال حاصل کر سکتی ہے؟**<br><br>• اگرآپ بطور ایک این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ ہیں تو آپ کا خاوند، بیوی یا سول پارٹنر اور آپ کے کوئی بھی بچے جو اسکاٹ لینڈ میں آپ کے ساتھ رہتے ہیں، این ایچ ایس (NHS) سے صحت کی دیکھ بھال حاصل کر سکتے ہیں۔ بچے لازمی طور پر 16 یا 19 سال سے کم عمر ہوں اور وہ کل وقتی تعلیم حاصل کر |

| | |
|---|---|
| • Staff at the GP surgery will ask you to complete a form for your husband, wife or civil partner and for any children. You may need to show your marriage or civil partnership certificate, and birth certificates for your children.<br><br>• **Any other members of your family** may be able to get health care from the NHS, but they will need to prove that they have their own right to NHS care. | رہے ہوں۔<br><br>• جی پی (GP) سرجری کا عملہ آپ سے کہے گا کہ آپ اپنے خاوند، بیوی یا سول پارٹنر اور کسی بھی بچے کا فارم مکمل کریں۔ آپ کو اپنی شادی یا سول پارٹنرشپ کا سرٹیفکیٹ اور اپنے بچوں کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ دکھانے کی ضرورت پیش آ سکتی ہے۔<br><br>• **آپ کی فیملی کا کوئی بھی دیگرشخص** این ایچ ایس سے صحت کی دیکھ بھال حاصل کر سکتا ہے لیکن ان کو یہ ثابت کرنے کی ضرورت پیش آئے گی کہ اس کواین ایچ ایس (NHS) سے اپنی دیکھ بھال کا حق حاصل ہے۔ |
| **What happens if I am not registered as an NHS patient?**<br><br>• If you are not registered as an NHS patient, you can still get some health care from the NHS.<br><br>**Services that are free for everyone include:**<br><br>• emergency care in a hospital (in the accident and emergency department, casualty department or minor injury unit)<br><br>• emergency care at a GP surgery<br><br>• emergency transport in an ambulance<br><br>• sexual health services (family planning)<br><br>• treatment for some infectious diseases and sexually transmitted infections in the best interests of the public | **جب میں بطور ایک این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ نہیں ہوں گا تو کیا ہو گا؟**<br><br>• اگر آپ بطور ایک این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ نہیں بھی ہیں تو بھی آپ این ایچ ایس (NHS) کی طرف سے کچھ دیکھ بھال حاصل کر سکتے ہیں۔<br><br>**وہ سروسز جو ہر ایک کے لیے مفت ہیں ان میں یہ شامل ہیں:**<br><br>• ہسپتال کے اندر ہنگامی صورتحال میں دیکھ بھال (ایکسیڈنٹ اینڈ ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ، ناگہانی ڈیپارٹمنٹ یا معمول زخم کا یونٹ)<br><br>• جی پی(GP) سرجری میں ایمرجنسی کیئر۔<br><br>• ہنگامی صورتحال میں بذریعہ ایمبولینس منتقلی۔<br><br>• جنسی صحت کی سروسز (خاندانی منصوبہ بندی)۔<br><br>• پبلک کے بہترین مفاد میں متعدی بیماریوں اور جنسی طور پر منتقل ہونے والے انفیکشنز کا علاج۔ |

## How can I find out more

- Contact Scottish Refugee Council: phone 0141 248 9799, email info@scottishrefugeecouncil.org.uk or look on the internet (www.scottishrefugeecouncil.co.uk).
- Phone Asylum Help on 0808 8000 630 or look on the internet (asylumhelpuk.org).
- Phone the UK Visas & Immigration Agency on 0141 555 1200 or look on the internet (www.gov.uk/government/organisations/uk-visas-and-immigration).
- For information about health conditions and services, phone the NHS inform Helpline on 0800 22 44 88 (textphone 18001 0800 22 44 88; the helpline also provides an interpreting service). The helpline is open every day between 8am and 10pm.
- Contact the Patient Advice & Support Service (PASS) at your local citizen's advice bureau (find your nearest bureau on the internet at www.cas.org.uk or in your local phone book). PASS is independent and provides free, confidential information, advice and support to anyone who uses the NHS in Scotland.

## میں مزید معلومات کس طرح حاصل کر سکتا/سکتی ہوں

- اسکاٹش رفیوجی کونسل (Scottish Refugee Council) : فون 248 9799 0141 ای میل info@scottishrefugeecouncil.org.uk یا انٹرنیٹ پر (www.scottishrefugeecouncil.co.uk) ملاحظہ فرمائیں۔
- اسائیلم ہیلپ (Asylum Help) کو اس نمبر پر فون کریں 0808 8000 630 یاانٹرنیٹ پر ملاحظہ فرمائیں (asylumhelpuk.org)۔
- یو کے ویزا اینڈ ایمیگریشن ایجنسی (UK Visas & Immigration Agency) کو اس پر فون کریں 0141 555 1200 یا انٹرنیٹ پرملاحظہ فرمائیں (www.gov.uk/government/organisations/uk-visas-and-immigration)
- صحت کی صورتحال اور سروسز کے بارے میں معلومات کے لیے این ایچ ایس انفارم (NHS Inform Helpline) کی ہیلپ لائن کو اس نمبر پر 0800 22 44 88 فون کریں (ٹیکسٹ فون 18001 0800 22 44 88؛ یہ ہیلپ لائن ترجمانی کی سروس بھی فراہم کرتی ہے)۔ یہ ہیلپ لائن ہر دن صبح کے 8 بجے اور شام کے 10 بجے کے درمیان کھلی ہوتی ہے۔
- اپنے مقامی اسٹیزن ایڈوائیس بیورو (Citizens Advice Bureau) کے ساتھ رابطہ کے لیے پیشنٹ ایڈوائیس اینڈ سپورٹ سروس (پی اے ایس ایس) (Patient Advice & Support Service - PASS) کے ساتھ رابطہ کریں (انٹرنیٹ پرwww.cas.org.uk یا مقامی فون بک میں اپنا قریب ترین بیورو تلاش کریں)۔ پی اے ایس ایس ایک خود مختار ادارہ ہے اور یہ اسکاٹ لینڈ میں کسی بھی شخص کو جو این ایچ ایس (NHS) استعمال کرتا ہو مفت، رازدارانہ معلومات، مشورہ اور مدد فراہم کرتا ہے۔

## Other factsheets in this series

- Health care for people coming to Scotland to work
- Health care for people coming to Scotland to study
- Health care in Scotland for former UK residents now

## اس سلسلہ میں دیگر صفحات حقائق

- اسکاٹ لینڈ میں کام کے لیے آنے والے افراد کے لیے صحت کی دیکھ بھال (Health care for people coming to Scotland to work)۔
- اسکاٹ لینڈ میں تعلیم کے لیے آنے والے افراد کے لیے صحت کی دیکھ بھال (Health care for people coming to Scotland to study)۔

| | |
|---|---|
| working abroad<br><br>• Health care in Scotland for UK passport holders returning after living abroad<br><br>• Health care for UK pensioners visiting Scotland<br><br>• Health care in Scotland for holidaymakers from overseas.<br><br>You can get these factsheets from:<br><br>• anywhere you get NHS care<br><br>• www.nhsinform.scot<br><br>• the NHS inform Helpline on 0800 22 44 88. | • اسکاٹ لینڈ میں برطانیہ کے سابق رہائشیوں کے لیے صحت کی دیکھ بھال جو اس وقت بیرون ملک کام کر رہے ہیں۔ (Health care in Scotland for former UK residents now working abroad)<br><br>• اسکاٹ لینڈ میں برطانیہ کا پاسپورٹ رکھنے والے ان افراد کے لیے صحت کی دیکھ بھال جو بیرون ملک میں قیام کے بعد واپس آ رہے ہیں (Health care in Scotland for UK passport holders returning after living abroad)۔<br><br>• برطانیہ کے پینشنر افراد کے لیے صحت کی دیکھ بھال جو اسکاٹ لینڈ کو ویزٹ کر رہے ہیں (Health care for UK pensioners visiting Scotland) ۔<br><br>• بیرون ملک سے تعطیلات کے لیے اسکاٹ لینڈ آنے والے افراد کے لیے صحت کی دیکھ بھال (Health care in Scotland for holidaymakers from overseas)<br><br>آپ یہ صفحات حقائق یہاں سے حاصل کر سکتے ہیں:<br><br>• کوئی بھی جگہ جہاں سے آپ کو این ایچ ایس (NHS) کی طرف سے صحت کی دیکھ بھال ملتی ہے۔<br><br>• www.nhsinform.scot<br><br>• اس پر این ایچ ایس انفارم (NHS Inform Helpline) کی ہیلپ لائن 88 44 22 0800۔ |

| | |
|---|---|
| **Feeling unwell?**<br>• Go to a pharmacy and ask for advice. To find your nearest pharmacy, phone the NHS inform Helpline on 0800 22 44 88 or look on the internet (www.nhs24.scot).<br>• Visit the NHS 24 website at www.nhs24.scot for health information and advice.<br>• Contact the GP surgery where you are registered. If you need an interpreter, ask the GP surgery to arrange this for you.<br>• Phone NHS 24 on 111 or look on the internet (www.nhs24.scot) if the GP surgery where you are registered is closed, or if you are not yet registered as an NHS patient. NHS 24 can provide an interpreting service.<br>• In an emergency (if your condition is very serious), phone 999 and ask for an ambulance. | **طبیعت ناساز محسوس ہونا؟**<br>• کسی فارمیسی میں جا کر مشورہ طلب کریں۔ اپنی قریب ترین فارمیسی کا پتا لگانے کے لیے این ایچ ایس انفارم (NHS Inform Helpline) کی اس 22 44 88 0800 ہیلپ لائن پر فون کریں یا انٹرنیٹ ملاحظہ فرمائیں (www.nhs24.scot).<br>• صحت کے بارے میں معلومات اور مشورہ کے لیے این ایچ ایس 24 (NHS 24) کا یہ ویب سائیٹ ملاحظہ فرمائیں www.nhs24.scot<br>• جہاں آپ رجسٹرڈ ہیں اپنی جی پی (GP) سرجری کے ساتھ رابطہ کریں۔ اگر آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت درپیش ہو تو جی پی سرجری سے کہیں کہ وہ آپ کے لیے اس کا بندوبست کریں۔<br>• اگرجی پی (GP) سرجری جس میں آپ رجسٹرڈ ہیں بند ہو یا آپ بطور این ایچ ایس (NHS) مریض رجسٹرڈ نہ ہوں تو پھر این ایچ ایس 24 (NHS24) کو 111 پر فون کریں یا انٹرنیٹ (www.nhs24.scot) پر ملاحظہ فرمائیں۔ این ایچ ایس (NHS) ترجمانی کی سروس فراہم کرسکتی ہے۔<br>• کسی بھی ہنگامی صورتحال میں (اگرآپ کی حالت بہت خراب ہے) 999 پر فون کریں اور ایمبولینس کے لیے کہیں۔ |
| We have tried our best to make sure that this information is correct. However, the information is for guidance only so you should not rely on it as a full statement of the law. If you are thinking about taking legal action, you should contact a solicitor, a citizens advice bureau or other advice agency. | ہم نے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ یہ معلومات درست ہیں اپنی بھر پور کوشش کی ہے۔ تاہم، یہ معلومات محض رہنمائی کے لیے ہیں لہذا آپ کو ایک مکمل قانونی حیثیت دیتے ہوئے ان پر انحصار نہیں کرنا چاہیے۔ اگرآپ قانونی کاروائی کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو آپ کو کسی سالیسٹر،اسٹیزن ایڈوائیس بیورو یا دیگرمشاورتی ایجنسی کے ساتھ رابطہ کرنا چاہیے۔ |

| | |
|---|---|
| Check www.nhsinform.scot for versions of this information in other languages or formats. .<br><br>Produced by NHS inform<br><br>Version 6 - Produced in February 2016 - Revision date February 2018 | ان معلومات کا دیگر زبانوں یا صورتوں میں جائزہ لینے کے لیے ملاحظہ فرمائیں www.nhsinform.scot- .<br><br>این ایچ ایس انفارم (NHS Inform) کا تیار کردہ<br><br>ورژن 6 - فروری 2016 میں تیار کیا گیا - تاریخ تجدید فروری 2018- |